## سوال

(242)اسماعیلی فرقے کے عقائد کیا ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

والتھم سٹولندن سے محمد رفیق پوچھتے ہیں

مسلمانوں میں اسماعیلی فرقے کا بانی کون تھا اوراس کے عقائد کیا ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تاریخ میں جن باطنی قوتوں کا ذکر ملتا ہے اس میں اسماعیلی فرقہ بھی ہے وہ اس کی نسبت اسماعیل بن جعفر الصادق کی طرف کرتے ہیں۔ اسماعیلیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اسماعیل بن جعفر ۱۴۵ ھ میں فوت نہیں ہوا تھا بلکہ عباسی خلفا کے ڈر سے روپوش ہوگیا تھا اوراسماعیل مختلف ملکوں میں اپنے پیروکاروں سے ملتا رہا یہاں تک کہ ۱۵۸ ھ میں بصرہ میں اس کی وفات ہوئی۔ اسماعیلی یہ عقیدہ بھی رکھتے ہیں کہ اس کی اولاد میں محمد علی اور فاطمہ تھے اوروالد کے بعد محمد بن اسماعیل خفیہ امامت کرتا رہا۔ پھر اس کا لڑکا احمد امام بنا۔ پھر محمد تقی پھر رضی الدین اور پھر عبداللہ اور پھر محمد المھدی۔ یہ امامت کا سلسلہ سات سال اور ساتویں کو وہ آخری امام سمجھتے ہیں۔

شروع میں ان کے عقائد غیر اسلامی تھے اور مسلم خلفاء نے ان کے خلاف جہاد کیا۔ ان کے اکثر عقائد قدیم ایرانی عقائد سے ماخوذ تھے۔ بعد میں عام شیعوں کے عقائد انہوں نے اپنا لئے۔ ان کے نزدیک امام معصوم ہی کے ذریعے ہدایت وعلم حاصل کیا جاسکتا ہے اور کوئی مسئلہ یا رائے امام معصوم کے بغیر ان کے نزدیک قابل قبول نہیں چاہئے اس کی واضح نص قرآن وسنت میں موجود ہو۔ آج بھی وہ اپنے امام وپیشوا کو امام معصوم ہی کا درجہ دیتے ہیں اوراس کی اتباع اسی جذبے سے کرتے ہیں۔

(آغا خاں عقائد صفحہ ۱۴۵۔۱۴۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

# ص524

محدث فتویٰ